سوال

کیا گھوڑے کا گوشت حلال ہے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گھوڑے کا گوشت حلال ہے اور اسے کھانا جائز ہے۔

سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں :

نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ وَرَخَّصَ فِي الْخَيْلِ (صحيح البخاري، المغازي :4219)

رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا اور گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی۔

سیدہ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں :

نَحَرْنَا عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَسًا فَأَكَلْنَاهُ (صحيح البخاري، الذبائح والصيد :5510)

ہم نے نبی ﷺ کے عہد مبارک میں گھوڑا نحر کیا اور اس کا گوشت کھایا۔

واللہ أعلم بالصواب